DUL

# Diploma in Urdu Language

## Assignment

(July, 2018 and January, 2019 Sessions)

## Assignment Course of

OULE-001, OULE-002 OUL-003 and OULE-005

School of Humanities
Indira Gandhi National Open University
Maidan Garhi, New Delhi-110068



Scanned by CamScanner

# اسائن مینٹ اردو ڈپلوما پروگرام(DUL)

## عزیز طالب علم

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اسائن مینٹ آپ کے پروگرام کی مسلسل جانچ پڑتال کا ایک حصہ ہے۔ امید ہے کہ آپ نے اپنا کورس دل لگا کر پڑھا ہوگا اور اس میں دی گئی تمام باتوں کی جانکاری حاصل کر لی ہوگی۔ اس لئے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ آپ اس کورس کو سنجیدگی سے لیں اور وقت مقرر پر جمع کرائیں۔ اسائن مینٹ جمع کرانے کے بعد ہی آپ اپنے سالانہ امتحان میں بیٹھ سکتے ہیں۔ ہر کورس کا ایک اسائن مینٹ ہے اسطرح گویا آپ کو ڈپلوما پروگرام کے لئے چار اسائن مینٹ جمع کرانے ہونگے۔ ہر اسائن مینٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ (TMA) ہے جو سو نمبروں کا ہے اور پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے۔

## مقصد

اس (TMA) کا مقصد ہے کہ یہ پتہ لگایا جائے کہ فراہم کرائے گئے مواد کو آپ نے کتنا پڑھا اور سمجھا ہے۔ یہ اسائن مینٹ نہ صرف آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا بلکہ یہ بھی بتائے گا کہ آپ نے اپنے کورس کے بارے میں کتنا جانتے ہیں۔ آپ کورس کی اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجئے اور جو بات سمجھ میں نہ آئے اُسے اسٹڈی سینٹر جا کر اپنے کونسلر سے پوچھئے۔ اگر آپ نے اسائن مینٹ کے سوالوں کے اطمنان بخش جواب دئے ہیں تو آپ اعتماد کے ساتھ سالانہ امتحان دے سکیں گے۔

## مشورہ

سوالات کو غور سے پڑھئے اور ان نکات کو سمجھئے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کر لیجئے انھیں منطقی ربط کے ساتھ پیش کر دیجئے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھئے۔ اکائیوں کی عبارت کو جوں کا توں لکھنے سے گریز کیجئے۔

اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخری میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھئے۔ تمہید میں بتایئے کی آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجئے۔ آپ جواب دیتے وقت دوسری کتابوں کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ اسطرح آپ کے مطالعے کی وسعت کا اندازہ ہوگا اور موضوع پر آپکی گرفت اور گیرائی کا پتہ چلے گا۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہئے کہ وہ ،

☆ منطقی نوعیت کے ہوں

☆ جملوں اور پیراگرافوں کے درمیان ربط ہو

☆ خیال اور طرزِ تحریر میں مطابقت ہو

☆ سوالوں کا اتنا ہی جواب دیجئے جتنا پوچھا گیا ہے

## ہدایت

اتنا یاد رکھیئے کہ سالانہ امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے اسائن مینٹ کی ایک کاپی اپنے پاس رکھیئے تا کہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لئے آپ کے پاس اپنا اسائن مینٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

اپنا assignment لکھنے سے پہلے حسبِ ذیل ہدایتوں کو غور سے پڑھئے۔

ا۔ پروگرام گائڈ میں assignment سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔



Scanned by CamScanner

۲۔اپنا نام ،رول نمبر ،پورا پتہ اور تاریخ کاپی کے پہلے حصے کے بائیں طرف لکھیں۔

۳۔کاپی کے وسط میں کورس کا نام Assignment نمبر اور اس اسٹڈی سینٹر کا نام لکھیں،جس سے آپ وابستہ ہو۔

۴۔آپ کو ہر کورس کا Assignment جمع کرنا ہے۔اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو سالانہ امتحان کی تیاری کرنا فضول ہے کیونکہ آپ کو امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

تمہیں اپنے اسائن مینٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ کچھ اس طرح پُر کرنا چاہئے:

کورس کا عنوان--------------------------- رول نمبر---------------------------

Assignment نمبر-------------------- نام ---------------------------

اسٹڈی سینٹر کا نام -----------------------------------------------

۵۔اپنے Assignment کے لئے فل اسکیپ سائز کا کاغذ استعمال کریں۔صفحات پوری طرح ایک دوسرے سے منسلک ہونے چاہئے۔

۶۔جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

۷۔ Assignment اپنی تحریر میں ہی ہونا چاہئے۔

۸۔ Assignment اپنے اُس اسٹڈی سینٹر میں جمع کرائیں جس سے آپ جڑے ہوئے ہوں۔

طلبا کو چاہئے کے Assignment اپنے اسٹڈی سینٹر کے کوآرڈینیٹر کو جن طلبا نے جنوری سیشن میں ایڈمیشن لیا ہے وہ ۳۰ مارچ ۲۰۱۸ اور جن طلبا نے جولائی سیشن میں ایڈمیشن لیا ہے وہ ۳۰ ستمبر ۲۰۱۸ تک اپنے اسائن مینٹ جمع کریں ۔



Scanned by CamScanner

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

| | |
|---|---|
| Course Code | OULE-001 |
| Course Tittle | عصری اردو شاعری |
| Assignment Code | OULE-001/TMA/2018-2019 |
| Coverage | All 3 Blocks |
| Marks maximum | 100 |

ہدایت: سبھی سوالوں کے جواب دیں۔ نمبر مساوی ہیں۔

سوال ا۔ اردو شاعری کی خصوصیات پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ 10

سوال ۲۔ ولی دکنی کے اشعار کا حوالہ دیتے ہوئے ان کی شاعری کی خصوصیات بیان کریں۔ 10

سوال ۳۔ میر انیس کی مرثیہ نگاری میں فنی پہلو سے بحث کریں۔ 10

سوال ۴۔ عصرِ حاضر میں غزل کا ارتقاء، اس موضوع پر ایک مختصر مضمون لکھیں۔ 10

سوال ۵۔ اختر الایمان کی شاعری اور حیات پر روشنی ڈالیں۔ 10

سوال ۶۔ پروین شاکر کی شاعری کی اہم خصوصیات تحریر کریں۔ 10

سوال ۷۔ سردار جعفری کے شعری اوصاف بیان کریں۔ 10

سوال ۸۔ میر تقی میر کا اردو شاعری میں کیا مقام ہے مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ 10

سوال ۹۔ عصرِ حاضر کے نمائندہ شاعروں کے کلام کی خصوصیات بیان کریں۔ 10

سوال ۱۰۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں: 10

(۱) اس دور میں زندگی بشر کی -------- بیمار کی رات ہو گئی ہے۔

(۲) اس نئے شہر کی ہر چیز لبھاتی ہے مجھے ---------------- یہ نیا شہر نظر آتا ہے، خوابوں کا دیار۔

(۳) پھر کوئی آیا دلِ زار! نہیں کوئی نہیں --------------- راہرو ہوگا، کہیں اور چلا جائے گا۔

(۴) دیکھ شمشیر ہے ساز ہے جام ہے یہ ---------------- تو جو شمشیر اٹھا لے تو بڑا کام ہے یہ۔

(۵) جب کشتی ثابت و سالم تھی ساحل کی تمنا کس کو تھی -------- اب ایسی شکستہ کشتی پر ساحل کی تمنا کون کرے۔



Scanned by CamScanner

## OULE-002 عصری اردو فکشن

### ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

| | |
|---|---|
| Course Code | OULE-002 |
| Course Tittle | عصری اردو فکشن |
| Assignment Code | OULE-002/TMA/2018-2019 |
| Coverage | All 3 Blocks |
| Marks maximum | 100 |

ہدایت: سبھی سوالات کے جواب دیں۔ نمبر مساوی ہیں۔

| | |
|---|---|
| سوال ۱۔ اردو ڈرامہ کے اجزائے ترکیبی اور اس کے فن پر اظہارِ خیال کریں۔ | 10 |
| سوال ۲۔ پریم چند کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیں۔ | 10 |
| سوال ۳۔ مولوی نذیر احمد کی حیات اور ان کے فن پر مفصّل نوٹ لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۴۔ رتن سنگھ کے افسانوی ادب کا تفصیلی جائزہ لیں۔ | 10 |
| سوال ۵۔ منٹو کے افسانہ ''نیا قانون'' کا خلاصہ لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۶۔ ''محمد حسن بحیثیت ڈرامہ نگار'' اس موضوع پر ایک مضمون لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۷۔ اردو ناول کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیں۔ | 10 |
| سوال ۸۔ اقبال مجید کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کریں۔ | 10 |
| سوال ۹۔ اردو افسانے کی مختصر تاریخ لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۱۰۔ قاضی عبدالستار کی ناول نگاری کی خصوصیات لکھیں۔ | 10 |



Scanned by CamScanner

| OUL-003 | اردو زبان وادب کی تاریخ |
|---|---|

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

| | |
|---|---|
| Course Code | OUL-003 |
| Course Tittle | ردوزبان وادب کی تاریخ |
| Assignment Code | OUL-003/TMA/2018-2019 |
| Coverage | All 3 Blocks |
| Marks maximum | 100 |

ہدایت: سبھی سوالات کے جواب دیں۔ نمبر مساوی ہیں۔

| | |
|---|---|
| سوال ۱۔ اردو کے ماخذ سے متعلق مختلف نظریات پر روشنی ڈالیں۔ | 10 |
| سوال ۲۔ مغربی ہندی اور اس کی بولیوں پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۳۔ اردو ادب کے انفرادی پہلو بیان کریں۔ | 10 |
| سوال ۴۔ ناسخ کی شاعری کی انفرادیت بیان کریں۔ | 10 |
| سوال ۵۔ میر و سودا کے بعد دہلی میں اردو شاعری کا ارتقاء اور اس دور کے شعراء کی شاعری کی خصوصیات لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۶۔ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات اور اس سے وابستہ کسی دو اہم نثر نگار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۷۔ اردو داستانوں کے عروج و زوال کے اسباب بیان کریں۔ | 10 |
| سوال ۸۔ سوانح نگاری اور خاکہ نگاری کے فن پر تفصیلی بحث کریں۔ | 10 |
| سوال ۹۔ اردو کے تہذیبی اور سماجی اداروں پر مختصر نوٹ لکھیں۔ | 10 |
| سوال ۱۰۔ ترجمہ نگاری کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالیں۔ | 10 |



Scanned by CamScanner

# OULE-005 ترجمے کے اصول

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

| | |
|---|---|
| Course Code | OULE-005 |
| Course Tittle | ترجمے کے اصول |
| Assignment Code | OULE-005/TMA/2018-2019 |
| Coverage | All 3 Blocks |
| Marks maximum | 100 |

ہدایت: سبھی سوالوں کے جواب دیں۔ نمبر مساوی ہیں۔

سوال ۱۔ کثیر لسانی سماج میں ترجمے کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ 10

سوال ۲۔ زبان کے مختلف رجسٹر اور ان کی لسانی خصوصیات مختصراً بیان کریں۔ 10

سوال ۳۔ اردو زبان و ادب کی ترقی میں ترجمے کی اہمیت پر خیال ظاہر کریں۔ 10

سوال ۴۔ شاعری اور نثری شہ پارے کے ترجمے کا فرق بیان کریں۔ 10

سوال ۵۔ مترجم کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالیں۔ 10

سوال ۶۔ علمی ترجمہ اور ادبی ترجمہ کا فرق واضح کریں۔ 10

سوال ۷۔ شاعری کا ترجمہ مشکل کیوں ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ 10

سوال ۸۔ علمی عبارت یا تکنیکی مضمون کے ترجمے کے اغراض و مقاصد اور مسائل بیان کریں۔ 10

سوال ۹۔ انگریزی، ہندی اور اردو کی نحوی ساخت میں کیا فرق ہے؟ 10

سوال ۱۰۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں: 10

I find it recorded in my notebook that it was a bleak and windy day towards the end of the March1892. Homes had recieved a telegram while we sat at our lunch, and he had scribbled a reply. He made no remarks , but the matter remained in his thaughts, for he stood infront of the fire afterwards with a thoughtful face, smoking his pipe, and casting an occasional glance at the message. Suddenly he turned upon me with a mischievous twinkle in his eyes.



Scanned by CamScanner

## پروجیکٹ کیسے تیار کریں

| | |
|---|---|
| Course Code | OULP-001 |
| Course Tittle | پروجیکٹ ورک (لازمی) |
| Project Code | OULP-001 |
| Credit | 4 |
| Marks maximum | 50 |

**نوٹ: یہاں آپ کو پروجیکٹ کیسے اور کس طرح تیار کرنا ہے مکمل جانکاری دی جا رہی ہے غور سے پڑھیں۔**

ڈپلوما پروگرام میں چار کریڈٹ کا ایک کورس OULP-001 ہے۔ یہ لازمی کورس ہے۔ جس کے تحت پروجیکٹ تیار کرنا ہے۔ اس کا مقصد طالب علم کے اندر مضمون یا دوسری کسی صنف میں لکھنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ کونسلروں کو چاہئے کہ وہ ہر طالب علم سے صلاح و مشورہ کے بعد پروجیکٹ کے موضوع کا انتخاب کروائے، پروجیکٹ کے موضوع کا انتخاب آپ اپنے کونسلر کے ساتھ ملکر کریں، 500 الفاظ پر مشتمل اس کا خاکہ یعنی Synopsis تیار کیجیے اور اپنے اسٹڈی سینٹر کے ذریعہ سے ڈائریکٹر، اسکول آف ہیومینٹیز۔ اگنو، میدان گڑھی، نئی دہلی کو منظوری کے لیے بھیج دیجیے۔ پروجیکٹ پرپوزل کی منظوری ملنے کے بعد آپ اپنا پروجیکٹ وضاحت کے ساتھ 20,000 بیس ہزار الفاظ پر مشتمل پروجیکٹ تیار کیجیے۔ تیار کرنے کے بعد جانچ کے لئے حسب ذیل پتہ پر روانہ کیجیے۔ پتہ نیچے دیا گیا ہے ایس ای ڈی۔ رجسٹرار، ایویلوشن ڈویزن، تاکہ اس پر مزید کاروائی کی جا سکے۔ یہاں آپ چاہیں تو فیچر رائٹنگ، پانچ سے دس افسانے یا بارہ سے پندرہ نظمیں یا غزلیں بھی لکھ سکتے ہیں۔ ''دھیان رہے کہ جب تک آپ اپنا پروجیکٹ وضاحت کے ساتھ لکھ کر جانچ کے لیے (SED) نہیں بھیج دیتے آپ کا گریڈ کارڈ رکا رہے گا'' مزید جانکاری کے لئے ان نمبرات پر رابطہ کر سکتے ہیں، 011-29572777, 011-29572772, ورکنگ ڈے اور وقت کا خیال رکھیں صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک (ڈاکٹر عبدالحفیظ و ڈاکٹر قدسیہ نصیر، اردو کنسلٹینٹ)

Registrar

Student Evaluation Division(SED)

Block-12 Room No: 5,

Indira Gandhi National Open University

Maidan Garhi, New Delhi-110068



Scanned by CamScanner